## سوال

تلفیق اوراس کا شرعی حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تلفیق کا شرعی حکم کیا ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تلفیق کا مفہوم یہ ہے کہ کسی مسئلے میں مختلف مسالک کی آراء کو قبول کیا جائے اور ایسی صورت ہو جائے کہ کہنا مشکل ہو کہ یہ کس مسلک کے مطابق ہے۔تلفیق کے جواز وعدم جواز کے حوالے سے اہل علم کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔اور راجح موقف یہی ہے کہ یہ جائز ہے الا یہ کہ اس سے کوئی فساد لازم آتا ہو کیونکہ کسی شخص پر بھی کسی امام کی تقلید کرنا ضروری نہیں ہے۔

تلفیق کے بارے میں شام کے معروف عالم دین ڈاکٹر وہبہ ذہیلی اپنی کتاب "فقہ الاسلام وادلتہ "میں فرماتے ہیں کہ :

اگر تو یہ تلفیق حاجت اور ضرورت کے تحت ہو تو مالکیہ اور بعض حنفیہ کے نزدیک جائز ہے اور اگر رخصتوں کے حصول کے لیے ہو تو مذموم ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

# فتویٰ کمیٹی

## محدث فتویٰ